

مائنیکٹو ایکسٹرا 400 ایس سی

دیرینہ مسائل کا جدید حل

#JourneyOfEnrichingLives

LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

YBG

مائنیکٹو ایکسٹرا دیرینہ مسائل کا جدید حل:

- **مائنیکٹو ایکسٹرا** کے استعمال کے نتیجے میں گلابی سنڈی اور پتہ لپیٹ سنڈی کے خلاف موثر کنٹرول اور فصل سرسبز و شاداب
- **مائنیکٹو ایکسٹرا** کی فصل کے ساتھ بہترین مطابقت سے کپاس کے ٹینڈوں اور دھان میں مونجروں کی بھرپور بھرائی اور زیادہ پیداوار


اسپرے سے پہلے


اسپرے کے تین گھنٹے بعد


اسپرے کے ایک دن بعد


اسپرے کے تین دن بعد


اسپرے کے چار دن بعد

سفارشات برائے استعمال:

فصل	کیڑے	مقدار فی ایکڑ	وقت استعمال
کپاس	گلابی سنڈی	80 ملی لیٹر	کیڑے جیسے ہی معاشی نقصان دہ حد پر پہنچیں تو فوراً اسپرے کر دیں۔
دھان	پتہ لپیٹ سنڈی	15 ملی لیٹر	

دوسرا اسپرے 7 دن کے وقفے سے کریں۔

ترکیب استعمال:



پانی (120-150 لیٹر) کی مقدار فی ایکڑ کا تعین کریں۔ **مائنیکٹو ایکسٹرا** کی سفارش کردہ مقدار کا محلول بنا کر کسی بھی اچھے اسپریئر سے پودے کے تمام حصوں پر یکساں اسپرے کریں۔



لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز
63-مزنگ روڈ لاہور۔
ہیلپ لائن: 0800-73337

مائنیکٹو اِیکسٹرا 400 ایس سی

کپاس اور دھان پاکستان کی دو اہم نقد آور فصلات ہیں۔ کپاس اور دھان پر کئی کیڑے حملہ آور ہوتے ہیں جس میں سرفہرست کپاس پہ گلابی سنڈی اور دھان کی فصل پر پتہ لپیٹ سنڈی ہے۔ ان سنڈیوں کے حملہ کی وجہ سے فصل کی پیداوار اور کوالٹی دونوں متاثر ہوتے ہیں۔

گلابی سنڈی کے نقصان کا طریقہ کار:





گلابی سنڈی کا سندھ اور پنجاب کے کپاس کے علاقوں میں حملہ بتدریج بڑھ رہا ہے۔ گلابی سنڈی کے حملے کو "خاموش حملہ" کہا جاتا ہے۔ اس کے انڈے اور نوزائیدہ سنڈیاں اتنی چھوٹی ہوتی ہیں کہ نظر نہیں آتیں اور نہ ہی سنڈیوں کے داخلے کا سوراخ نظر آتا ہے۔ گلابی سنڈی کپاس کے پھولوں اور ٹینڈوں کو بری طرح نقصان پہنچاتی ہے یہ نرم ٹینڈوں کے اندر گھس کر اندر ہی اندر کھاتی رہتی ہے جس کے نتیجے میں ٹینڈ اجسامت میں چھوٹا رہ جاتا ہے۔ اور پھر صحیح سے کھل نہیں پاتا جس کی وجہ سے چنائی میں دشواری کے علاوہ پیداوار بھی متاثر ہوتی ہے۔

پتہ لپیٹ سنڈی کے نقصان کا طریقہ کار:





پتہ لپیٹ سنڈی کا حملہ گزشتہ چند سالوں سے بڑھتا جا رہا ہے۔ اس کیڑے کا حملہ ٹکڑیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ سنڈیاں پتے کے دونوں کناروں کو اپنے لعاب سے بنائے ہوئے دھاگے سے جوڑ کر پتے کو نالی نما بنا لیتی ہیں اور اس کے اندر رہ کر سبز مادہ کھاتی رہتی ہیں جس سے پتوں پر مٹیالے رنگ کی لکیریں پڑ جاتی ہیں۔ نتیجتاً پودوں کا خوراک بنانے کا عمل (Photosynthesis) متاثر ہوتا ہے اور پیداوار میں خاطر خواہ کمی واقع ہوتی ہے۔

مائنیکٹو اِیکسٹرا




گلابی سنڈی اور پتہ لپیٹ سنڈی سے بچاؤ کے لئے لکی کور انڈسٹریز متعارف کروا رہا ہے جدید ترین کیمسٹری کے ساتھ پاکستان میں پہلی بار، جو کہ دے دیرینہ مسائل کا بہترین حل۔

مائنیکٹو اِیکسٹرا وسیع دائرہ اثر والا جدید زہر ہے جس کا تعلق (Ryanoid) اور (IGR) گروپ سے ہے یہ لمسی اور شکمی طریقے سے کیڑوں میں RYR کی غیر منظم سرگرمی اور کائٹن بننے کے نظام کو روک کر کیڑوں کا خاتمہ کرتا ہے۔ یہ زہر پتوں سے آر پار (Translaminar) جذب ہونے کی صلاحیت کی وجہ سے کیڑوں کا دیرپا اور مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

طریقہ اثر:

مائنیکٹو اِیکسٹرا لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی بدولت سنڈیوں کے جسم سے کیلشیم آئینز کے بہاؤ کو متاثر کر کے پٹھوں کی حرکت کا نظام درہم برہم کر دیتا ہے اور سنڈیوں کی بیرونی جلد کا ئٹن کو بننے سے روک دیتا ہے جس کی وجہ سے نقصان دہ کیڑے سست اور مفلوج ہو کر خوراک لینا بند کر دیتے ہیں اور بلآخر ان کی موت واقع ہو جاتی ہے۔



نمایاں خصوصیات:

- وسیع دائرہ اثر کے ساتھ جدید کیمسٹری
- گلابی سنڈی اور پتہ لپیٹ سنڈی کے خلاف دیرپا کنٹرول
- کیڑوں کا عضلاتی اور کائٹن بننے کا نظام درہم برہم۔ کیڑوں کا مکمل خاتمہ
- سنڈیوں کے تمام مراحل پر یکساں کارگر
- لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی وجہ سے اسپرے کے فوراً بعد کیڑوں کا خوراک لینا بند
- پتوں پر چپکنے اور آر پار جذب ہونے کی صلاحیت کی وجہ سے لمبے عرصے کا کنٹرول
- **مائنیکٹو اِیکسٹرا** سورج کی روشنی سے بخارات بن کر ضائع نہیں ہوتا
- اسپرے کے بعد بارش کی صورت میں اثر زائل نہیں ہوتا
- کسان دوست کیڑوں کے لیے نسبتاً بے ضرر
- IPM اور IRM کیلئے بہترین پارٹنر





